www.understandquran.com

سبق - 1

عقائد اللہ ایک ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، وہ اپنے کاموں کے لیے کسی کا محتاج نہیں بلکہ ہم سب اپنے کاموں کے لیے اس کے محتاج ہیں۔

حدیث رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

مَنْ أَطَاعَنِي دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَمَنْ عَصَانِي فَقَدْ أَبَى (بخاری: 7280)

ترجمہ: جو میری اطاعت کرے گا وہ جنت میں داخل ہوگا اور جو میری نافرمانی کرے گا اس نے انکار کیا۔

دعا رَبِّ زِدْنِي عِلْمًا (طٰہٰ: 114)

ترجمہ: اے میرے رب! میرے علم میں اضافہ فرمائیے۔

سیرت رسول ﷺ رسول اللہ ﷺ کے اخلاق سب سے اچھے اور سب سے بہترین ہیں، آپ کے اخلاق اگر ہماری زندگی میں آجائیں تو ہم بھی دوسروں سے اچھے بن جائیں گے اور سب ہمیں پسند کریں گے، یہی نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ بھی ہمیں پسند کرنے لگ جائیں گے۔

اخلاق وآداب اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ (الرعد: 11)

ترجمہ: بیشک اللہ تعالیٰ کسی قوم کو اس وقت تک نہیں بدلتا جب تک کہ وہ خود کو نہ بدلیں۔

وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ (القلم: 4)

ترجمہ: اور بیشک آپ بلند اخلاق پر ہیں۔